

اثبات

کتابی سلسلہ شمارہ 42/43

# نیا ھندوستان پرانا مسلمان

(ہندوستانی مسلمانوں کے گذشتہ 75 سال)

مدیر: اشعر نجمی

نائب مدیر: رضوان الدین فاروقی

اثبات
کتابی سلسلہ
شمارہ 42/43

# نیا ہندوستان پرانا مسلمان

(ہندوستانی مسلمانوں کے گذشتہ 75 سال)

## دوسرا حصہ

مدیر: اشعر نجمی
نائب مدیر: رضوان الدین فاروقی

nayaab BOOKS
NEW DELHI - INDIA
ESBAAT PUBLICATIONS
more than just books

© Ashar Najmi

**Naya Hindustan Purana Musalman**
[Part - II]
By: Ashar Najmi
Esbaat Publications, Mumbai
1st Edition: October 2024
ISBN: 978-81-966241-0-1

اس کتاب کا کوئی بھی حصہ مرتب، مصنف اور مترجم کی پیشگی اجازت کے بغیر کسی بھی وضع یا جلد میں کلی یا جزوی، منتخب یا مکرر اشاعت بصورت فوٹو کاپی، ریکارڈنگ، الیکٹرونک، میکانیکل، ویب سائٹ یا بلاگ پر اَپ لوڈنگ کے لیے استعمال نہ کیا جائے۔ نیز اس شمارے/کتاب پر کسی بھی قسم کے تنازعہ کی شنوائی کرنے کا اختیار صرف ممبئی کی عدلیہ کو حاصل ہوگا۔

کتاب: نیا ہندوستان پرانا مسلمان (دوسرا حصہ)

مرتب: اشعر نجمی

اشاعت اول: اکتوبر 2024

سرورق: پرنٹ میڈیا، مئو

خطاط: منور کاتب

Nayaab Books, New Delhi - India | Esbaat Publications, more than just books

Delhi, Mumbai (India)
+91 9372247833 / 9910482906

# فہرست

## وضاحت


| | | |
|---|---|---|
| اس کتاب کو پڑھنے سے پہلے! | ادارہ | 809 |


## چھٹا باب: تعلیم اور تعلیمی ادارے


| | | |
|---|---|---|
| صندوق (نظم) | ارشد عبدالحمید | 813 |
| ہندوستان میں مسلمانوں کی تعلیمی صورت حال | آفتاب عالم | 815 |
| مسلمانوں کی تعلیمی پسماندگی: ایک سروے | نوراللہ جاوید | 825 |
| مدرسے اور مسلم تشخص کی تشکیل | ارجمند آرا | 833 |
| مدارس کے نظام پر ایک نظر | مالک اشتر | 852 |
| علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی اقلیتی حیثیت | ونیت بھلا | 856 |
| علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں داخلی اصلاحات ضروری | ترجمہ: حاجی محمد صابر | 860 |
| سول سروسیز امتحانات میں مسلم طلبا کی شراکت | آفاق ندیم خان | 867 |


## فکشن


| | | |
|---|---|---|
| دہشت | سلام بن رزاق | 875 |
| نیو کی اینٹ | حسین الحق | 878 |
| بلینک کال | خورشید اکرم | 888 |
| تسلیم و رضا | اقبال مجید | 901 |

## ساتواں باب: سیاست وقیادت


| | | |
|---|---|---|
| کباڑی والا (ہندی نظم) | عدنان کفیل درویش | 913 |
| مسلم نمائندگی کو متاثر کرنے والے زمینی عوامل | عبدالرحمٰن/ نایاب حسن | 915 |
| مسلمانوں کی سیاسی نمائندگی پر نظر ثانی | ہلال احمد/محمد اشرف یاسین | 950 |
| 2024 کے انتخابات سے پہلے اور بعد (سروے) | لوک نیتی-سی ایس ڈی ایس | 956 |
| ہندوتوا سے کانگریس اور سوشلسٹوں کا سمجھوتہ | افتخار گیلانی | 977 |
| نرم ہندوتوا: اصلی کیچر یوال کی نمود | ورگیز کے جارج/ نایاب حسن | 983 |
| اٹھارہویں لوک سبھا میں مسلمانوں کی حصہ داری | رپورٹ: دی وائر | 987 |
| لکھنؤ کی شیعہ مسلم قیادت اور بی جے پی | حیدر عباس | 990 |
| 2024 کے انتخابات مسلمانوں کے لیے لمحہ فکریہ | اسد مرزا | 993 |
| کیا مسلمانوں کے پاس انتخابی متبادل ہے؟ | رام پنیانی | 996 |
| مسلم نمائندگی یا با اثر مسلم نمائندگی؟ | محمد نوشاد خان/ نایاب حسن | 999 |
| افطار پارٹیوں کی سیاست | افتخار گیلانی | 1005 |
| نئے طرح کی قیادت کی ضرورت | کوثر فاطمہ | 1010 |


### فکشن


| | | |
|---|---|---|
| سوا نیزے پر سورج | عابد سہیل | 1015 |
| ثواب جاریہ | عبدالصمد | 1020 |
| بیل پات (ہندی) | گیتانجلی شری / اشعر نجمی | 1035 |


## آٹھواں باب: مسلم معیشت اور روزگار


| | | |
|---|---|---|
| گجرات کے مقتول کا بیان (ہندی نظم) | منگلیش ڈبرال | 1049 |
| معاش اور روزگار کی صورت حال | عبدالرحمٰن/عبدالسمیع | 1051 |
| بینک اور بینک قرضوں تک رسائی | عبدالرحمٰن/عبدالسمیع | 1069 |
| مسلم عورتوں میں کام کرنے کی شرح | رؤف الرحمٰن خان | 1084 |

| | | |
|---|---|---|
| محکمۂ پولیس میں مسلم نمائندگی | ابھے کمار | 1087 |
| فوج میں مسلم رجمنٹ ختم کرنے کی حقیقت | نکھل/ اشعر نجمی | 1092 |
| 2024-25 بجٹ میں مسلمانوں کو کیا ملا؟ | حیدر عباس | 1097 |
| یونانی طریقۂ علاج حکومت کی بے توجہی کا شکار | افروز عالم ساحل | 1100 |

## فکشن

| | | |
|---|---|---|
| میں ہندو ہوں! (ہندی) | اصغر وجاہت/ رضوان الدین فاروقی | 1115 |
| مُردہ جسم | رضوان الحق | 1122 |
| بدمعاش (گجراتی) | زویر چند میگھانی/ مظہر الحق علوی | 1139 |

## نواں باب: مسلم پرسنل لاء اور یکساں سول کوڈ

| | | |
|---|---|---|
| ملت مرحوم (نظم) | طارق احمد صدیقی | 1149 |
| مسلم پرسنل لاء: کچھ حقائق کچھ غلط فہمیاں | آصف فیضی | 1151 |
| شاہ بانو کسی کی کچھ اَن کہی باتیں | شافع قدوائی | 1173 |
| یکساں سول کوڈ انتظار کر سکتا ہے، اصلاحات نہیں | محمد سجاد/ صابر | 1177 |
| پرسنل لاء کا سوال سیاسی ہے، مذہبی نہیں | محمد سجاد | 1184 |
| غیر مسلم بھی یکساں سول کوڈ کے مخالف | روہنی سنگھ | 1189 |

## فکشن

| | | |
|---|---|---|
| لکیر | طارق چھتاری | 1195 |
| خالد کا ختنہ | غضنفر | 1202 |
| کرفیو سخت ہے | انیس رفیع | 1206 |

## دسواں باب: وقف بورڈ اور قومی میراث

| | | |
|---|---|---|
| آخری وارث (نظم) | اشعر نجمی | 1213 |
| وقف ترمیمی بل آئین کی خلاف ورزی ہے | حیدر عباس | 1217 |

| | | |
|---|---|---|
| وقف بورڈ کی خودمختاری اور خودسری | افروز عالم ساحل | 1220 |
| حج کمیٹی آف انڈیا کی بدعنوانیاں (مصاحبہ) | افروز عالم ساحل/ اشعر نجمی | 1253 |
| تاریخی مساجد اور مسلم دور کی یادگاریں نشانے پر | افتخار گیلانی | 1268 |
| قطب مینار کمپلکس کی مسجد میں خفیہ آپریشن! | افروز عالم ساحل | 1273 |


## فکشن


| | | |
|---|---|---|
| گھونسلا | شوکت حیات | 1285 |
| مہمان (بنگلہ کہانی) | سید مصطفیٰ سراج/ خورشید اکرم | 1291 |
| مہاجر پرندے | شفق | 1314 |


## گیارہواں باب: مسلم عورتیں


| | | |
|---|---|---|
| عورت اور نمک (نظم) | سارا شگفتہ | 1323 |
| مسلمان ہونا، مسلمان عورت ہونا | سیدہ حمید/ فہمینہ علی | 1325 |
| کیا سرسید عورتوں کی تعلیم کے خلاف تھے؟ | یاسمین رشیدی | 1332 |
| عورتیں دوسرے درجے کی مخلوق نہیں | مالک اشتر | 1336 |
| ہندواور حجاب | اپوروانند | 1339 |
| طلاق ثلاثہ قانون کی مخالفت کیوں؟ | ذکیہ سومن | 1342 |
| تین طلاق ہی نہیں، بیوی کو چھوڑنا بھی جرم ہے | سدھارتھ وردا راجن | 1346 |


## فکشن


| | | |
|---|---|---|
| افطاری | رشید جہاں | 1351 |
| جنت کی تلاش | جیلانی بانو | 1358 |
| ہائے اللہ! | ہاجرہ مسرور | 1362 |


## بارہواں باب: پسماندہ مسلمان


| | | |
|---|---|---|
| پتنگ (نظم) | جیبنت پرمار | 1371 |

| | | |
|---|---|---|
| کون ہیں دلت- پسماندہ مسلمان؟ | ہلال احمد/ اشعر نجمی | 1373 |
| سچر کمیٹی کی رپورٹ اور پسماندہ مسلمان | فیضان احمد | 1377 |
| ذات پر مبنی مردم شماری کی بحث... | ہلال احمد/عبدالسمیع | 1386 |
| آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ اور اس کے علما وزعما | مسعود عالم فلاحی | 1389 |
| ریزرویشن کا مسئلہ | مسعود عالم فلاحی | 1397 |
| اکیسویں صدی کے مسلمانوں میں ذات پات | مسعود عالم فلاحی | 1411 |

## فکشن

| | | |
|---|---|---|
| برسورام دھڑا کے سے | معین الدین جینابڑے | 1427 |
| امام بخاری کی نیپکن | مشرف عالم ذوقی | 1436 |
| ایک سہا ہوا آدمی | نورین علی حق | 1451 |

## تیرہواں باب: زبان وصحافت

| | | |
|---|---|---|
| اردو (نظم) | راشد بنارسی | 1461 |
| اردو ہندی رسم الخط (مہاتما گاندھی کے نام خط) | محمد مجیب / سحر انصاری | 1463 |
| آزادی ے بعد اردو کے مسائل اور ادارے | رالف رسل/ ارجمند آرا | 1469 |
| معاصر اردو زبان وادب اور مسلم اساس پرستی | اطہر فاروقی | 1499 |
| سیاست نے اردو کو مسلمان کیوں بنادیا؟ | یاسمین رشیدی | 1519 |
| اردو مخالف رجحانات وتحریکات | مرزا خلیل احمد بیگ | 1523 |
| مسلم اور مذہبی صحافت کا تاریخی تجزیہ | خوشتر نورانی | 1537 |
| ہندوستان میں معاصر اردو صحافت | اطہر فاروقی | 1552 |
| زرد صحافت اور اردو | شاہد الاسلام | 1569 |

## فکشن

| | | |
|---|---|---|
| مادری زبان | نگار عظیم | 1577 |
| ممبئی (ملیالم کہانی) | این ایس دھون/ قاسم ندیم | 1583 |

| | | |
|---|---|---|
| عیدگاہ سے واپسی | اسلم جمشید پوری | 1590 |


## حاصل کلام:

| | | |
|---|---|---|
| پرانا ہندوستان نیا مسلمان | اشعر نجمی | 1599 |


---

# اس کتاب کو پڑھنے سے پہلے

(1)سب سے پہلے اپنے ذہن کو اس بات کے لیے تیار کرلیں کہ آپ جو پڑھنے والے ہیں وہ کوئی روزنامہ نہیں بلکہ ایک سہ ماہی رسالے کا خاص نمبر ہے جس کا زیرنظر شمارہ منتخبہ موضوع پر مطبوعہ اور غیر مطبوعہ تحریروں کے مجموعے پر مشتمل ہے۔ یہ تمام مطبوعہ تحریریں مختلف رسائل، اخبارات، ویب سائٹس اور بلاگس میں بکھری ہوئی ہیں، جن کے ماخذ ہم نے ہر تحریر کے آخر میں 'بشکریہ' رقم کردیا ہے۔ اس عمل کو آپ 'تحقیق' سے بھی تعبیر کرسکتے ہیں جو ایک محقق اپنا مقالہ تیار کرتے ہوئے متعدد منبع و سرچشمے کے حوالے سے اپنے مؤقف کو واضح کرتا ہے اور اسے استناد کے درجے پر فائز کرتا ہے۔ ظاہر ہے ان تمام تحریروں سے ہر شخص گزرا ہو، یہ دعویٰ کوئی نہیں کرسکتا۔ لیکن ہم اردو والوں کی نفسیات میں 'غیر مطبوعہ' کی اصطلاح عموماً وہی کام کرتی ہے جیسے کسی شہوتی کے لیے لفظ 'باکرہ' کام کرتا ہے۔ بالفاظ دیگر، جس طرح ہمارے ہاں 'کنوارے پن' (virginity) کو پاکیزگی اور کردار سے جوڑا جاتا ہے، تقریباً اسی طرح کسی تحریر کے ساتھ 'غیر مطبوعہ' کا لیبل ہمیں ذہنی آسودگی پہنچاتا ہے۔ یہ رویہ دراصل Use & Throw والی صارفی ذہنیت کا غماز ہے، یعنی جو چیز ایک بار استعمال ہوگئی، وہ ناقابل استعمال ہوجاتی ہے؛ پھر چاہے وہ بال پن ہو، گرل فرینڈ ہو یا کوئی تحریر۔

(2) زیرنظر شمارے کو ترتیب دیتے ہوئے ہم نے اپنے محدود وسائل کی بنیاد پر کوشش کی ہے کہ ایسی ہر وہ تحریر ایک جگہ اکٹھا ہوجائے جو منتخبہ موضوع پر مبالغہ آمیزی کے بجائے معروضی تجزیے پر مبنی ہو۔ لیکن اس انتخاب کو مرتب کرتے ہوئے ہم نے اختلاف رائے کا خاص خیال رکھا ہے، ایک ہی مسئلے (ایشو) پر دو یا اس سے زائد رائیں ہوسکتی ہیں جن کا استقبال کیا جانا چاہیے چونکہ یہی جمہوری رویہ ہے۔ لہٰذا، ہم نے حتی المقدور کوشش کی ہے کہ کسی ایشو پر غور وفکر کرتے ہوئے اس کے مختلف اور متضاد پہلو قارئین کے سامنے آجائیں جن کی روشنی میں ہر قاری اپنے اپنے طور پر نتائج کسب کرپائے۔ اس سلسلے میں ہمارا کردار (زیرنظر انتخاب کے پبلشرز، پرنٹر اور شعبۂ ادارت) نیوٹرل ہے۔ ان تمام تحریروں میں پیش کردہ آرا صرف ان کے لکھنے والے مصنفین کے ذاتی خیالات وتاثرات پر مبنی ہیں، جن سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔